## Key Fact Statement for Deposit Accounts
ڈپازٹ اکاؤنٹس کیلئے کی فیکٹ اسٹیٹمنٹ

| | | |
|---|---|---|
| Habib Metropolitan Bank Ltd.<br>حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ<br>Branch ____________<br>برانچ<br>City ____________<br>شہر | Date تاریخ | (to be filled by branch) (برانچ کی جانب سے پُر کیا جائے گا) |
| | **IMPORTANT:** Read this document carefully if you are considering opening a new account. It is available in English and Urdu. You may also use this document to compare different accounts offered by other banks. You have the right to receive KFS from other banks for comparison.<br>اہم ترین: اگر آپ نیا اکاؤنٹ کھولنے پر غور کررہے ہیں تو اس دستاویز کو غور سے پڑھیں۔ یہ انگریزی اور اُردو دونوں زبانوں میں دستیاب ہے۔ آپ اس دستاویز کو دوسرے بینکس کی طرف سے پیش کردہ مختلف اکاؤنٹس کا موازنہ کرنے کیلئے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ موازنے کیلئے دوسرے بینکس سے بھی بنیادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ (کے ایف ایس) حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ | |

**Account Types & Salient Features:**
This information is accurate as of the date above. Services & fees may change on a half-yearly basis, however, markup rates may change as and when required. For updated fees/charges, you may visit our website or your nearest HABIBMETRO branch.

اکاؤنٹ کی اقسام اور نمایاں خصوصیات:
یہ معلومات اوپر دی گئی تاریخ کے مطابق بالکل درست ہے۔ سروسز اور فیس ششماہی بنیاد پر تبدیل کی جاسکتی ہیں، تاہم مارک اَپ کی شرح جیسی اور جب درکار ہوں گی تبدیل کی جاسکتی ہیں۔ تازہ ترین فیس/ چارجز کیلئے آپ ہماری ویب سائٹ یا قریبی حبیب میٹرو برانچ پر تشریف لاسکتے ہیں۔

| **Particulars**<br>تفصیلات | | **Conventional Accounts** روایتی کھاتے<br>**HABIBMETRO Rozana Munafa Saving Account (Subhead 20643)**<br>حبیب میٹرو روزانہ منافع سیونگ اکاؤنٹ<br>(سب ہیڈ 20643) |
|---|---|---|
| **Currency**<br>کرنسی | | PKR<br>روپے |
| **Minimum Balance for Account Maintenance**<br>اکاؤنٹ مینٹیننس کیلئے کم سے کم بیلنس | To open<br>کھولنے کیلئے | Rs. 100 (Initial Deposit)<br>100/- روپے (ابتدائی ڈپازٹ) |
| | To keep<br>برقرار رکھنے کیلئے | Rs. 10,000/-<br>10,000/- روپے |
| **Account Maintenance Fee**<br>اکاؤنٹ برقرار رکھنے کی فیس | | Rs. 43 Per Month<br>Fee / Charges will be applicable if monthly average balance falls below Rs.10,000/-<br>اگر ماہانہ اوسط بیلنس -/10,000 روپے سے کم ہوا تو ماہانہ -/43 روپے فیس/ چارجز لاگو ہوں گے۔ |
| **Is Profit Paid on account Subject to the applicable tax rate**<br>کیا اکاؤنٹ پر ادا کیا جانے والا منافع قابلِ اطلاق شرح ٹیکس سے مشروط ہوتا ہے | | Yes<br>ہاں |
| **Indicative Profit Rate. (%)**<br>انڈیکیٹیو شرح منافع (%) | | Individual Rate: 10.00% p.a.<br>FIs, PSE & PLC Rate: 8.50% p.a<br>انفرادی شرح: 10.00 سالانہ<br>FIs، PSE اینڈ PLC کی شرح: 8.50 سالانہ |
| **Profit Payment Frequency**<br>منافع کی ادائیگی کی فریکوینسی | | Monthly<br>ماہانہ |
| **Example of Individual Rate:**<br>انفرادی شرح کی مثال | | On each Rs. 100,000 you can earn Rs. 822/- (excl. WHT) on monthly basis<br>آپ ماہانہ بنیاد پر ہر -/100,000 روپے پر -/822 روپے (علاوہ WHT) کما سکتے ہیں<br>The above example is calculated on 30 days |
| **Premature/Early Encashment/ Withdrawal Fee**<br>قبل از وقت/جلدی انکیشمنٹ/ ووڈرال فیس | | N/A<br>دستیاب نہیں |

**Service Charges**
**IMPORTANT: This is a list of the main service charges for this account. It does not include all charges. You can find a full list at our branches, or on our website at https://www.habibmetro.com/schedule-of-charges/#. Please note that all bank charges are exclusive of applicable taxes.**

سروس چارجز:
اہم ترین: یہ اس اکاؤنٹ کیلئے بنیادی سروس چارجز کی فہرست ہے۔ اس میں تمام چارجز شامل نہیں ہیں۔ آپ مکمل فہرست ہماری برانچز، یا ہماری ویب سائٹ https://www.habibmetro.com/schedule-of-charges/# سے حاصل کرسکتے ہیں۔
ازراہِ کرم نوٹ کرلیں کہ تمام بینک چارجز قابلِ اطلاق ٹیکسز کے علاوہ ہیں۔

<table>
<tr><th rowspan="2">Services<br>سروسز/خدمات</th><th rowspan="2">Modes<br>نوعیت</th><th>Conventional Accounts روایتی کھاتے</th></tr>
<tr><th>HABIBMETRO Rozana Munafa Saving Account<br>(Subhead 20643)<br>حبیب میٹروروزانہ منافع سیونگ اکاؤنٹ<br>(سب ہیڈ 20643)</th></tr>
<tr><td rowspan="4">Cash Transaction<br>نقد لین دین<br>(کیش ٹرانزیکشن)</td><td>Intercity<br>انٹرسٹی</td><td>Rs. 375/- (flat) per trans.<br>-/375روپے(فلیٹ)فی ٹرانزیکشن</td></tr>
<tr><td>Intra-city<br>انٹرا-سٹی</td><td>Free<br>مفت</td></tr>
<tr><td>Own ATM withdrawal<br>اپنی ATMسے رقم نکلوانے پر</td><td>Free<br>مفت</td></tr>
<tr><td>Other Bank ATM<br>دوسرے بینک کی ATMسے</td><td>Rs. 35.00/- per transaction<br>-/35.00روپے فی ٹرانزیکشن</td></tr>
<tr><td rowspan="3">SMS Alerts<br>ایس ایم ایس الرٹس</td><td>ADC / Digital<br>ADC/ڈیجیٹل</td><td>Free<br>(Customer to opt for ADC/digital trans. SMS alert facility only)<br>مفت<br>(ADC/ڈیجیٹل ٹرانزیکشن منتخب کرنے والے صارف کیلئے صرف SMSالرٹ کی سہولت)</td></tr>
<tr><td>Clearing<br>کلیئرنگ</td><td>(No separate charges, already included in all transaction SMS Alert service)<br>(کوئی الگ چارجز نہیں، پہلے سے ہی تمام ٹرانزیکشنز کی ایس ایم ایس الرٹ سروس میں شامل ہے)</td></tr>
<tr><td>For other transactions / All transactions<br>دیگر ٹرانزیکشنز/<br>تمام ٹرانزیکشنز کیلئے</td><td>Free<br>مفت</td></tr>
<tr><td rowspan="5">Debit Cards (For PKR only)<br>ڈیبٹ کارڈز</td><td>Premium<br>پریمیم</td><td>Rs. 3,300/-<br>-/3,300روپے</td></tr>
<tr><td>Gold<br>گولڈ</td><td>Rs. 4,400/-<br>-/4,400روپے</td></tr>
<tr><td>Platinum<br>پلاٹینم</td><td>Rs. 7,500/-<br>-/7,500روپے</td></tr>
<tr><td>PayPak<br>پے پاک</td><td>Rs. 2,200/-<br>-/2,200روپے</td></tr>
<tr><td colspan="2">Note:<br>*Eligibility Criteria For Platinum Debit Card: - 3 Million Average Balance For Last 3 Months<br>نوٹ:<br>پلاٹینم ڈیبٹ کارڈ کے لیے اہلیت کا معیار: پچھلے 3 مہینوں کے لیے 3 ملین ماہانہ اوسط بیلنس</td></tr>
<tr><td rowspan="3">Cheque Book<br>چیک بک</td><td>Issuance<br>اجرا</td><td>Rs. 29/- per leaf<br>-/29روپے فی ورق</td></tr>
<tr><td>Stop payment<br>پیمنٹ رکوانا</td><td>Rs. 625/- per instruction<br>-/625روپے فی انسٹرکشن</td></tr>
<tr><td>Loose cheque<br>لوز چیک</td><td>N/A<br>دستیاب نہیں</td></tr>
<tr><td>Remittance (Local)<br>ترسیلات زر/ریمیٹنس<br>(مقامی)</td><td>Banker Cheque / Pay Order<br>بینکر چیک/پے آرڈر</td><td>Pay Order — Rs. 0<br>Demand Draft:<br>Upto Rs. 10,000 — Rs. 100/- (flat)<br>From Rs. 10,001 to Rs. 100,000 — 0.20% min. Rs. 100<br>Over Rs. 100,000 — 0.075% min. Rs. 200<br>پے آرڈر — -/0روپے<br>ڈیمانڈ ڈرافٹ:<br>-/10,000روپے تک — -/100روپے(فلیٹ)<br>10,001روپے سے 100,000روپے تک — 0.20% کم ازکم 100روپے<br>100,000روپے سے زیادہ — 0.075% کم ازکم 200روپے</td></tr>
<tr><td rowspan="2">Remittance Foreign<br>غیرملکی ترسیلات زر/ریمیٹنس</td><td>Foreign Demand Draft<br>غیرملکی ڈیمانڈ ڈرافٹ</td><td>US$ 20 or equivalent in other currencies plus correspondent charges (if any)<br>20$اوراس کے مساوی دیگر کرنسیز میں مع کراسپونڈنٹ چارجز (اگر کوئی ہے)</td></tr>
<tr><td>Wire Transfer<br>وائر ٹرانسفر</td><td>US$ 37 or equivalent in other currencies plus correspondent charges (if any)<br>37$اوراس کے مساوی دیگر کرنسیز میں مع کراسپونڈنٹ چارجز (اگر کوئی ہے)</td></tr>
</table>

| | | |
|---|---|---|
| **Statement of Account**<br>**اکاؤنٹ کا اسٹیٹمنٹ** | Annual<br>سالانہ | Free<br>مفت |
| | Half Yearly<br>ششماہی | Free<br>مفت |
| | Duplicate<br>ڈپلیکیٹ | Rs. 28 per statement<br>-/28 روپے فی اسٹیٹمنٹ |
| **Fund Transfer**<br>**فنڈ ٹرانسفر** | ADC / Digital Channels<br>ADC / ڈیجیٹل چینلز | Fund Transfer (HABIBMETRO to HABIBMETRO): Free<br>Inter Bank Fund Transfer (IBFT): Up To Rs. 25,000/- per month : Free<br>Above Rs. 25,000/- per month: 0.1% of the transaction amount Or Rs. 200/- whichever is lower<br>فنڈ ٹرانسفر (حبیب میٹرو سے حبیب میٹرو): مفت<br>انٹر بینک فنڈ ٹرانسفر (IBFT): -/25,000 روپے تک ماہانہ: مفت<br>-/25,000 روپے سے زیادہ ماہانہ: ٹرانزیکشن کی رقم کا 0.1%<br>یا -/200 روپے جو بھی کم ہو |
| | Others<br>دیگر | Free<br>مفت |
| **Digital Banking**<br>**ڈیجیٹل بینکنگ** | Internet Banking subscription (one-time & annual)<br>انٹرنیٹ بینکنگ سبکرپشن | Free<br>مفت |
| | Mobile Banking subscription (one-time & annual)<br>موبائل بینکنگ سبکرپشن | Free<br>مفت |
| **Clearing**<br>**کلیئرنگ** | Normal<br>عمومی (نارمل) | Free<br>مفت |
| | Intercity<br>انٹرسٹی | Rs. 250/- per instrument or actual whichever is higher<br>-/250 فی انسٹرومنٹ یا اصل جو بھی زیادہ ہو |
| | Same Day<br>اُسی دن | Rs. 325/- per instrument or actual whichever is higher<br>-/325 فی انسٹرومنٹ یا اصل جو بھی زیادہ ہو |
| **Closure of Account**<br>**اکاؤنٹ کی بندش** | Customer request<br>صارف کی درخواست | 0 |

## You Must Know

یہ سب کچھ آپ کو لازماً معلوم ہونا چاہیے:

**Requirements to open an account:** To open the account you will need to satisfy some identification requirements as per regulatory instructions and banks' internal policies. These may include providing documents and information to verify your identity. Such information may be required on a periodic basis. Please ask us for more details.

**اکاؤنٹ کھولنے کی شرائط:** اکاؤنٹ کھولنے کیلئے آپ کو ریگولیٹری ہدایات اور بینکس کی داخلی پالیسیز کے مطابق کچھ شناختی شرائط/تقاضے پورے کرنے ہوں گے۔ ان میں آپ کی شناخت کی تصدیق کیلئے دستاویزات اور معلومات فراہم کرنا شامل ہوسکتا ہے۔ اس طرح کی معلومات وقتاً فوقتاً درکار ہوسکتی ہیں۔ ازراہِ کرم مزید تفصیلات کیلئے ہم سے پوچھیں۔

**Cheque Bounce:** Dishonoring of cheques is subject to a criminal trial in Pakistan. Accordingly, you should be writing cheques with utmost prudence.

**چیک باؤنس:** پاکستان میں چیک کے باؤنس ہوجانے پر مجرمانہ مقدمے کا اطلاق ہوتا ہے۔ لہٰذا آپ کو انتہائی احتیاط کے ساتھ چیک لکھنا چاہیے۔

Section 489(F) of Pakistan Penal Code states that, "Whoever dishonestly issues a cheque towards re-payment of a loan or fulfillment of an obligation which is dishonored on presentation, shall be punishable with imprisonment which may extend to three years, or with fine, or with both, unless can establish, for which burden of proof shall rest on him, that he had made arrangements with his bank to ensure that the cheque would be honored and that the bank was at fault in not honoring the cheque."

پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 489(F) میں کہا گیا ہے کہ، ''جو شخص بے ایمانی سے قرض کی ادائیگی یا کسی ذمّے داری کی تکمیل کیلئے ایسا چیک جاری کرتا ہے جس کو پیش کرنے پر وہ باؤنس ہوگیا ہو، تو اسے قید کی سزا دی جائے گی جو تین سال تک قید یا جرمانہ، یا دونوں کے ایک ساتھ ہوسکتی ہے، جب تک کہ یہ ثابت نہ کرسکے کہ اس پر ثبوت کی کون سی ذمّے داری عائد ہوگی، کہ اس نے اپنے بینک کے ساتھ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے انتظامات کیے تھے کہ چیک کا احترام کیا جائے گا اور یہ کہ بینک چیک کا احترام نہ کرنے میں غلطی پر تھا۔''

**Safe Custody:** Safe custody of access tools to your account like ATM cards, PINs, Cheques, e-banking usernames, passwords; other personal information, etc. is your responsibility. Bank cannot be held responsible in case of a security lapse at the customer's end.

محفوظ تحویل: آپ کے اکاؤنٹ تک رسائی کے آلات کی محفوظ تحویل جیسے اے ٹی ایم کارڈز، پن، چیک، ای بینکنگ صارف نام، پاس ورڈ؛ دیگر ذاتی معلومات وغیرہ آپ کی ذمّے داری ہے اور کسٹمر کی حد تک اس کی سکیورٹی کی خرابی یا نقص کی صورت میں بینک کو ذمّے دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

Moreover, HABIBMETRO will never ask your personal information like user ID, password, PIN, CVV etc. via phone, SMS or email. Please do not share these details with anyone.

مزید برآں، حبیب میٹرو کبھی بھی فون، ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعے آپ کی ذاتی معلومات جیسے صارف کی شناخت، پاس ورڈ، پن، سی وی وی وغیرہ نہیں پوچھے گا۔ ازراہِ کرم ان تفصیلات کو کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔

**Record updation:** Always keep profiles/records updated with the bank to avoid missing any significant communication. You can contact your Account Maintaining Branch to update your information.

**ریکارڈ اپڈیشن:** ہمیشہ پروفائلز/ ریکارڈز کو بینک کے ساتھ اپ ڈیٹ کرتے رہیں تاکہ کسی بھی اہم پیغام سے محروم نہ رہیں۔ آپ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کیلئے اپنے اکاؤنٹ مینٹیننگ برانچ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

**Dormant Account:** If your account remains inoperative for a continuous period of 12 months—meaning no customer initiated transaction (debit or credit) or activity such as login through digital channels—it will be classified as Dormant or In Operative. In this state, only credit transactions will be permitted, while debit transactions and withdrawals shall not be allowed until the account is reactivated.

**غیر فعال اکاؤنٹ**

اگر آپ کا اکاؤنٹ مسلسل 12 ماہ تک غیر فعال رہے یعنی صارف کی جانب سے کوئی لین دین (ڈیبٹ یا کریڈٹ) انجام نہ دیا گیا ہو یا ڈیجیٹل چینلز کے ذریعے لاگ اِن جیسی کوئی سرگرمی نہ ہوئی ہو تو اسے غیر فعال یا ان آپریٹیو قرار دے دیا جائے گا۔ اس حالت میں صرف کریڈٹ لین دین کی اجازت ہوگی، جبکہ اکاؤنٹ دوبارہ فعال ہونے تک ڈیبٹ ٹرانزیکشنز اور رقم نکلوانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

To reactivate your account, you must visit your Account Maintaining Branch and complete the necessary formalities, including submission of a written request, presentation of the original and copy of a valid identity document, and completion of biometric verification, along with updating Know Your Customer (KYC) information as required.

اپنا اکاؤنٹ دوبارہ فعال کروانے کے لیے، آپ کو اپنی اکاؤنٹ برقرار رکھنے والی برانچ کا دورہ کرنا ہوگا اور ضروری کارروائی مکمل کرنا ہوگی، جس میں تحریری درخواست جمع کروانا، درست شناختی دستاویز کی اصل اور نقل پیش کرنا، بایومیٹرک تصدیق مکمل کرنا، اور ضرورت کے مطابق اپ ڈیٹ شدہ نو یور کسٹمر (KYC) معلومات فراہم کرنا شامل ہے۔

In case of non-resident account holders who cannot visit the branch in-person for re-activation of his / her dormant account, shall submit the written request along with copy of identification documents duly attested by the Pakistan Embassy / consulate located at the country of your resident.

غیر مقیم کھاتہ داروں کی صورت میں جو اپنے غیر فعال اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کرنے کیلئے ذاتی طور پر برانچ کا دورہ نہیں کرسکتے، تحریری درخواست کے ساتھ شناختی دستاویزات کی کاپی جمع کرائیں جن کی تصدیق آپ کے قیام کے ملک میں واقع پاکستانی سفارت خانے/ قونصل خانے سے کی گئی ہو۔

**Unclaimed Deposits:** In terms of Section 31 of Banking Companies Ordinance, 1962 all deposits which have not been operated during the period of last fifteen years, except deposits in the name of minor & court of law, are surrendered to State Bank of Pakistan (SBP) by the relevant banks, after meeting the conditions as per provisions of law. The surrendered deposits can be claimed through the respective banks. For further information, please contact your Account Maintaining Branch.

**غیر دعویدار ڈپازٹس:** بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کے سیکشن 31 کے تحت تمام ڈپازٹس جو پچھلے پندرہ سالوں کے دوران آپریٹ نہیں کیے گئے، علاوہ ان ڈپازٹس کے جو کسی نابالغ صارف یا عدالت کے نام سے ہوں، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تحویل میں دے دیئے جائیں گے۔ ان اکاؤنٹس کیلئے دعوی دار ہونے کا کلیم متعلقہ بینکس کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے، ازراہ کرم اپنے اکاؤنٹ مینٹیننگ برانچ سے رابطہ کریں۔

**Closing this account:** In order to close your account, please visit your Account Maintaining Branch along with original identity document, submit account closing request, surrender items (if any) such as Debit card(s), unutilized cheque book(s), locker(s) etc. and provide reason for closing the account.

**اس اکاؤنٹ کو بند کرنا:** اپنا اکاؤنٹ بند کرنے کیلئے، ازراہِ کرم اصل شناختی دستاویز کے ساتھ اپنی اکاؤنٹ مینٹیننگ برانچ پر جائیں، اکاؤنٹ بند کرنے کی وجہ فراہم کریں اور اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست اور آئٹمز (اگر کوئی ہیں) جیسے ڈیبٹ کارڈ، غیر استعمال شدہ چیک بک، لاکر(ز) وغیرہ جمع کروائیں۔

**How can you get assistance or make a complaint?**
Complaint Resolution Unit,
Habib Metropolitan Bank Limited, Al-Manzoor Building 1st Floor,
Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi.
Tel : 021-3264-8418, 021-3264-4704
Helpline: 111-1-(HABIB) 42242
Email: complaints@habibmetro.com
Website: https://www.habibmetro.com/

**آپ کس طرح مدد حاصل کرسکتے ہیں یا شکایت درج کرواسکتے ہیں؟**
کمپلین ریزولوشن یونٹ،
حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ، المنظور بلڈنگ پہلی منزل، ڈاکٹر ضیاءالدین احمد روڈ، کراچی۔
ٹیلی فون: 021-3264-8418,021-3264-4704
ہیلپ لائن: 111-1-(HABIB) 42242
ای میل: complaints@habibmetro.com
ویب سائٹ: https://www.habibmetro.com/

**If you are not satisfied with our response, you may contact:**
Banking Mohtasib Pakistan,
5th Floor, Shaheen Complex, M. R. Kayani Road, Karachi.
Email: info@bankingmohtasib.gov.pk
Phone number: 021-99217334-8

**اگر آپ ہمارے جواب سے مطمئن نہیں ہیں، تو آپ رابطہ کرسکتے ہیں:**
بینکنگ محتسب پاکستان،
پانچویں منزل، شاہین کمپلیکس، ایم آر کیانی روڈ، کراچی۔
ای میل: info@bankingmohtasib.gov.pk
فون نمبر: 021-99217334-8

## I ACKNOWLEDGE RECEIVING AND UNDERSTAND THIS KEY FACT STATEMENT
میں نے کی فیکٹ اسٹیٹمنٹ حاصل کرلیا اور سمجھ لیا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Customer Name: صارف نام | | | | Date: تاریخ | |
| Product Chosen: پروڈکٹ منتخب کردہ: | | | | | |
| Mandate of account: اکاؤنٹ کا مینڈیٹ | Single/Joint/Either or Survivor سنگل/جوائنٹ/کوئی بھی یا جو حیات ہو | | | | |
| Address پتہ | | | | | |
| | | | | | |
| Contact No.: رابطہ نمبر | | Mobile No. موبائل نمبر | | Email Address ای میل ایڈریس | |
| Customer Signature صارف کے دستخط | | | Signature Verified دستخط کی تصدیق | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Customer Name: صارف نام | | | | Date: تاریخ | |
| Product Chosen: پروڈکٹ منتخب کردہ: | | | | | |
| Mandate of account: اکاؤنٹ کا مینڈیٹ | Single/Joint/Either or Survivor سنگل/جوائنٹ/کوئی بھی یا جو حیات ہو | | | | |
| Address پتہ | | | | | |
| | | | | | |
| Contact No.: رابطہ نمبر | | Mobile No. موبائل نمبر | | Email Address ای میل ایڈریس | |
| Customer Signature صارف کے دستخط | | | Signature Verified دستخط کی تصدیق | | |